© rasailojaraid.com

**علوم القرآن**
**ششماہی مجلہ**

مدیر: ڈاکٹر اشتیاق احمد ظلی - پتہ: ادارۂ علوم القرآن پوسٹ بکس نمبر ۹۹ - سر سید نگر، علی گڈھ - ۲۰۲۰۰۲ - ضخامت: ۱۶۰ صفحات

قیمت: ۱۵/- روپے -

یہ ششماہی مجلہ ۴ برسوں سے علی گڈھ سے شائع ہو رہا ہے۔ ہمارے سامنے اس کی جلد ۴ کا پہلا شمارہ ہے - جو جنوری تا جون ۱۹۸۹ء کے لیے ہے - اس مجلہ میں صرف قرآن اور قرآنیات سے متعلق مضامین ہی اشاعت پذیر ہوتے ہیں - جن کا انداز خاص علمی تحقیقی اور سنجیدہ ہے - اس شمارے میں قرآنی مضامین کا اشاریہ — از ابوسفیان اصلاحی خاصا معلوماتی مضمون ہے -

اگرچہ بعض مضامین کے مندرجات سے اختلاف رائے کی راہیں کھلتی ہیں، مگر اس کے باوجود اس دورِ پُرفتن میں ایسی علمی اور سنجیدہ کوشش بھی غنیمت ہے اور مبارک باد کی مستحق ہے - (م - د)

---

**ہفت روزہ "آئین" کے ۲۵ سال**

ایڈیٹر: مظفر بیگ - اشاعت خاص صفحات ۱۶۱ سفید کاغذ، اچھی طباعت، عنوانات، صفحات اور عبارات کی ترتیب کے تو مظفر صاحب ماہر ہیں (بلکہ کہنا چاہیے کہ "مظفری ترتیب") ٹائیٹل آرٹ پیپر، زوردار رنگین

قیمت: ۲۰/- روپے -

مظفر بیگ بھی عظیم، ۲۵ سال بھی عظیم، آئین بھی عظیم — اور کیا تبصرہ لکھا جائے - بیگ صاحب نے نہ کوئی موضوع چھوڑا، نہ کسی لکھنے والے کو معاف کیا، ۲۵ سال کے بیشمار واقعات سمیٹے، قافلہ سخت کی سفر کی روداد لکھ ڈالی — اور سب کچھ اپنے بیگ میں ڈال لیا - اسی لیے تو وہ مظفر ہیں -

اس نمبر میں علم بھی ہے، معلومات بھی، ایمان و اعتقاد کے جذبات بھی، شخصیتوں کے روپ بھی، نگارشات کی نیرنگیاں بھی — آخر اہلِ ذوق اس نمبر کی دلکشی کی زد سے کیسے بچیں گے -

---


© rasailojaraid.com